## متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام لندن میں یوم شہداء عقیدت واحترام سے منایا گیا

## الطاف حسین کے بڑے بھائی اور بھتیجے سمیت ایم کیو ایم کے تمام شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی

## قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیو ایم کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں کی بڑی تعداد میں شرکت

لندن۔۔۔10، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام لندن میں یوم شہداء عقیدت واحترام سے منایا گیا اور اس سلسلے میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصر حسین شہید اور بھتیجے عارف حسین شہید سمیت ایم کیو ایم کے تمام شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اور حق پرست شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع لندن کے علاقے ایجویئر کے مقامی ہال میں منعقد ہوا جس میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی، ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ، ایم کیو ایم یوکے یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی، شعبہ خواتین یوکے یونٹ، لندن کے مختلف علاقوں اور برطانیہ کے مختلف شہروں سے تعلق رکھنے والے ایم کیو ایم کے ذمہ داران، کارکنان، حق پرست منتخب نمائندگان، لیبر پارٹی کی مقامی کونسلر ذکیہ زبیری، مقامی تاجروں، صنعتکاروں، اساتذہ اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد اوران کے اہل خانہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں ملک کی سلامتی وبقاء، ملک سے دہشت گردی کے خاتمہ، ایم کیو ایم کی ترقی، حق پرستانہ پیغام کے فروغ، ملک کے مختلف حصوں میں دہشت گردی اور بم دھماکوں میں جاں بحق ہونے والے افراد اور ایم کیو ایم کے تمام شہداء کے بلند درجات اور سوگوار لواحقین کیلئے صبر جمیل کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر، صحت وتندرستی اور ناگہانی آفات سے تحفظ کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

## ہالینڈ کے سفیر Foost Reintges نے نائن زیرو کا دورہ کیا، رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی۔۔۔9، دسمبر 2009ء

ہالینڈ کے سفیر Foost Reintges نے بدھ کے روز ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کا دورہ کیا اور ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس اور رضا ہارون سے ملاقات کی۔وفد میں ہالینڈ کے اعزازی قونصلر جنرل طارق ایم خان، فرسٹ سیکریٹری پولیٹیکل Ms. Mary Honor Kloeg اور کمرشل آفیسر Peter A Felix شامل تھے جبکہ اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر امور نوجوانان فیصل سبزواری اور حق پرست صوبائی وزیر برائے ہیومن رائٹس محترمہ نادیہ گبول بھی موجود تھی۔ملاقات میں ملک میں جاری دہشت گردی، انتہاء پسندی اور شدت پسندی کے عفریت پر تفصیلی طور پر گفتگو ہوئی اور ملکی مجموعی سیاسی، معاشی اور سماجی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ملاقات ایک گھنٹے تک جاری رہی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی نے ارکان نے ہالینڈ کے سفیر کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی پکٹوریل بائیوگرافی پر مشتمل کتاب پیش کی اور انہیں ایم کیو ایم کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے متعلق آگاہی فراہم کی۔

## جنگ کے سینئر صحافی نجیب احمد اور روزنامہ نوائے وقت کے سب ایڈیٹر منیر احمد بھٹی کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔10، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے روزنامہ جنگ کے سینئر صحافی کراچی پریس کلب کے سابق صدر وسیکریٹری جنرل نجیب احمد اور روزنامہ نوائے وقت کے سب ایڈیٹر منیر احمد بھٹی کی والدہ سکینہ بی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے (آمین) دریں اثناء ایم کیو ایم شعبہ اطلاعات کے ارکان نے بھی روزنامہ جنگ کے کرائم رپورٹر نجیب احمد اور نوائے وقت کے سب ایڈیٹر منیر احمد بھٹی کی والدہ سکینہ بی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔10، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن حبیب بینک یونٹ کمیٹی کے رکن ناصر جمال کی ہمشیرہ نیلوفر، ایم کیوایم لیبر ڈویژن پی آئی اے یونٹ کی سب یونٹ کمیٹی کی رکن شہلا کی والدہ عطیہ خاتون، ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ B-112 کے کارکن غلام مصطفیٰ قریشی کی والدہ بسمہ اللہ خاتون اور ایم کیوایم معمار سیکٹر یونٹ A-33 کے کارکن سمیع الدین کے والد صبیح الدین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین)

## ملکی تاریخ میں آج تک کسی رہنماء یا لیڈر نے قومی مفادات کے تحفظ کیلئے ایسی تجاویز نہیں دی

## جناب الطاف حسین نے نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم پالیسی بنانے اور انسداد دہشت گردی کیلئے مستقل ادارہ کے قیام کی تجویز دیکر ثابت کردیا وہ قومی لیڈر ہیں

## انسداد دہشت گردی کا مستقل ادارہ فی الفور قائم کیا جائے جس میں تمام مکاتب فکر کی نمائندگی کو یقینی بنایا جائے

## مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے الطاف حسین کی تجویز کا زبردست خیر مقدم

لندن۔۔۔10/دسمبر 2009ء

ملک بھر کے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے خودکش دھماکوں اور جاری دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے فوری طور پر نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم پالیسی بنانے اور انسداد دہشت گردی کیلئے ایک مستقل ادارہ قائم کرنے کے بیان کا بھرپور انداز میں حمایت کی ہے اور قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر ملک بھر میں دہشت گردی کے واقعات کے خلاف شاندار احتجاجی ریلیاں نکالنے پر مبارکباد پیش کی ہے اور کہا ہے کہ آج تک کسی رہنماء یا لیڈر نے قومی مفادات کے تحفظ کیلئے ایسی تجویز نہیں دی جس سے ملک میں دہشت گردی کے تیزی سے بڑھتے ہوئے واقعات پر قابو پایا جاسکے اور ایسے عناصر کا سد باب کیا جاسکے جو دہشت گردی کر کے معصوم شہریوں کو نشانہ بنارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ان واقعات سے نمٹنے کیلئے ملک میں نہ تو کوئی ٹھوس اور جامع قومی پالیسی اور نہ ہی کوئی ادارہ موجود ہے اور اس جانب بھی جناب الطاف حسین نے ملک و قوم کی توجہ مبذول کرا کر اپنی قائدانہ صلاحیتوں کا ایک اور ثبوت دیدیا ہے۔دہشت گردی کے خلاف جامع قومی پالیسی اور ادارہ بنانا حالات اور وقت کی اہم ترین ضرورت ہے جبکہ دہشت گردی کے خلاف ایم کیوایم کی احتجاجی ریلیوں میں عوام نے بھرپور انداز میں شرکت کر کے ثابت کردیا ہے کہ وہ دہشت گردی کے خلاف ہیں ایم کیوایم کے ساتھ ہیں اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ان خیالات وجذبات کا اظہار انہوں نے بدھ اور جمعرات کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن، ایم کیوایم پنجاب ہاؤس ایم کیوایم آزاد کشمیر، گلگت بلتستان میں ٹیلی فون، فیکس اور ای میل کے ذریعے ارسال کئے گئے اپنے پیغامات میں کیا۔پیغامات بھیجنے والوں میں ڈاکٹرز، انجینئرز، دانشور، شعراء کرام، پروفیسرز، اساتذہ، صنعتکار، تاجر، وکلاء، صحافی، سینئر سٹیزن اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد بڑی تعداد میں شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ قومی مفادات کی بات کی ہے اور نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم پالیسی بنانے اور انسداد دہشت گردی کی مثبت تجویز پیش کر کے قوم کی صحیح معنوں میں رہنمائی کی ہے، انہوں نے کہا کہ مستقل ادارہ قائم کر کے ہی دہشت گردی اور اس کے پیچھے کارفرما عناصر کو جڑ سے ختم کیا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ انسداد دہشت گردی کیلئے مستقل ادارہ قائم کرنے کی تجویز سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ جناب الطاف حسین ملک میں جاری دہشت گردی کے عفریت کا مکمل خاتمہ اور ملک وقوم کو اس لعنت سے پاک دیکھنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت کو ملک میں جاری دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے جناب الطاف حسین کی تجویز پر فی الفور عملدر آمد کرنا چاہئے اور انسداد دہشت گردی کا ادارہ قائم کرنا چاہئے جس میں تمام مکاتب فکر کی نمائندگی موجود ہو۔اپنے پیغامات میں انہوں نے ملک کی سلامتی، دہشت گردی کے خاتمے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

☆☆☆☆☆